رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) غریبوں کی جاں کو ، تیموں کے دل کو سکوں ہو گیا ہے ، قرار آ گیا ہے

(ii) اس کی چھاتی پر کئی ٹانگے الٹ کر رہ گئے سیکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

(iii) گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

(iv) اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں!

(حصہ غزل)

(v) ہم اسے منہ سے برا تو نہیں کہتے کہ فراق دوست تیرا ہے ، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(vi) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vii) یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

## ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) نظریۂ پاکستان کا مقصد پاکستان کو ایک اسلامی اور فلاحی مملکت بنانا ہے۔ ہمیں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہیے، جس کی وجہ سے خدا اور اس کے رسول ﷺ کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ ہمارا جینا اور مرنا پاکستان کے لیے ہونا چاہیے۔ قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریۂ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔

(ii) نہ کاغذ ہے، نہ ٹکٹ ہے، اگلے لفافوں میں سے ایک بیرنگ لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں سے یہ کاغذ پھاڑ کر تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ غمگین نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے، آج کاغذ اور ٹکٹ منگالوں گا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

(ii) سیدانی بی کا میر صاحب کے ہاں معمول کیا تھا؟

(iii) مصنف نے اپنا لکھا ہوا مضمون کیوں پھاڑ ڈالا؟

(iv) چغل خور نے کسان کے پاس کس معاوضے پر ملازمت کی؟

(v) مصنف کے ساتھ کار میں بیٹھتے ہوئے علی بخش کے دل میں کیا وہم تھا؟

(vi) تخریب کی قوتیں کسان کے سامنے کس طرح سرنگوں رہتی ہیں؟

(vii) مال گودام روڈ کے آس پاس بسنے والوں کی حالت کیسی ہے؟

(viii) شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزا محمد سعید (ii) نام دیو مالی 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) قومی اتحاد (iii) چائے کی ایک دعوت 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات: (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کونسے ہیں؟ (ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟ (iv) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

(v) دنیا کے کون کونسے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟